# گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

## کتاب کانام : کمال تحقیق (جلد اول)

مصنف : ڈاکٹر انصار الدین مدنی

مطبع/ناشر :کلیہ علوم اسلامیہ گرینچ یونیورسٹی کراچی ۲۰۰۷ء

ڈی کے ۱۰، ۳۸۔اسٹریٹ درخشاں فیز ۶ ڈی ایچ اے کراچی ۷۵۵۰۰

فون: ۹۸۔۵۸۴۰۳۹۷

قیمت وصفحات :۱۵۰ روپے۔۵۷ صفحات

پروفیسر ڈاکٹر انصار الدین مدنی صاحب کا نام وتعارف انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کے عہدیداران وممبران اور مجلّہ علوم اسلامیہ کے قارئین کے لئے نیا نہیں ہے۔

موصوف انجمن کے زیر اہتمام منعقد ہونے سیمینارز اور کانفرنسوں کی رونق وزینت رہے ہیں قارئین تقریباً ہر مجلّہ میں موصوف کے مضامین مطالعہ کرتے رہے ہیں

ڈاکٹر صاحب نے اس مختصر کتاب میں محققین کیلئے بہترین مواد جمع کر دیا ہے کتاب کا آغاز منہاج التحقیق سے ہوتا ہے جس میں مختصراً اصول تحقیق بیان کئے گئے ہیں کہ طالب علم موضوع کا انتخاب کیسے کرے؟ سینپس کیسے تیار کرے؟ اور مقالہ تحریر کرتے ہوئے کتاب کا حوالہ کیسے دے؟ مجلّہ کا حوالہ کیسے دے؟ مثالوں کے ساتھ دس صفحات پر بیان کیا گیا ہے اس کے بعد جامعہ کراچی کے کلیہ معارف اسلامیہ کے شعبہ جات کلیہ آرٹس کے شعبہ اسلامی تاریخ شعبہ عربی اور شیخ زائد میں لکھے گئے یا لکھے جانے والے ایم فل، پی ایچ ڈی مقالات کے عنوانات مع مقالہ نگار و جامع کے نام کے ساتھ جامع فہرست پیش کی گئی ہے

اس کے علاوہ وفاقی اردو یونیورسٹی، سندھ یونیورسٹی جامشورو، پنجاب یونیورسٹی، پشاور یونیورسٹی، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علوم

